PECTAA Transformation, Innovation and Excellence	**Smart Syllabus / Accelerated Learning Programme (ALP) of Pakistan Studies Grade-10 for Academic Session 2026-27 & BISE Exam 2027**

سمارٹ سلیبس (ALP)

برائے مضمون مطالعہء پاکستان جماعت دہم تعلیمی سیشن 27-2026ء

مطالعہء پاکستان برائے جماعت دہم کی درسی کتاب میں سے طلبہ کی سہولت کے پیش نظر دو ابواب حذف کیے جا رہے ہیں تا کہ طلبہ آٹھ کے بجائے چھے اسباق پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھرپور تیاری کر سکیں۔

حذف شدہ ابواب کی تفصیل:

باب چہارم	پاکستان کا جغرافیہ	صفحہ 62 تا 83
باب ہفتم	آبادی معاشرہ اور پاکستان میں ثقافتی تنوع	صفحہ 108 تا 133

امتحانی بورڈز کے پرچہ مرتبین (Paper Setters) کے لیے لازم ہے کہ سوالیہ پرچہ ترتیب دیتے ہوئے درج بالا ابواب میں سے معروضی، انشائی اور دیگر نوعیت کے سوالات میں سے کوئی سوال یا جز و شامل نہ کریں۔

CamScanner

امتحانی پرچہ مطالعہ پاکستان برائے جماعت دہم کی تیاری کے لیے ہدایات

ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

مطالعہ پاکستان برائے جماعت دہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا جس کی تقسیم (Pairing Scheme) حسب ذیل ہے:

حصہ اوّل: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

حصہ دوم: مختصر جوابی سوالات (کل نمبر 50)

حصہ سوم: مفصل جوابی سوالات (کل نمبر 30)

مطالعہ پاکستان برائے جماعت دہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصہ اوّل	سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	20 =20×1 کل نمبر 20	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب (ماسوائے باب چہارم و ہفتم) کے متن کو ملحوظ رکھیں جس کی تقسیم حسب ذیل ہے: کثیر الانتخابی سوالات باب اوّل، باب دوم میں سے تین تین سوالات، باب سوم میں سے پانچ، باب پنجم میں سے تین، باب ششم میں سے تین اور باب ہشتم میں سے تین کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔
حصہ دوم	سوال نمبر 2: مختصر جوابی سوالات	16=8×2 کل نمبر 16	اس حصے میں کل بارہ (12) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے آٹھ (8) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب دوم میں سے سات اور باب ششم میں سے پانچ سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔
	سوال نمبر 3: مختصر جوابی سوالات	16=8×2 کل نمبر 16	اس حصے میں کل بارہ (12) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے آٹھ (8) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب پنجم میں سے سات اور باب ہشتم میں سے پانچ سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔

CamScanner

	سوال نمبر 4: مختصر جوابی سوالات	18=9×2 کل نمبر 18	اس حصے میں کل تیرہ (13) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے نو (9) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب اوّل میں سے چھے اور باب سوم میں سے سات سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔
حصہ سوم	سوال نمبر 5: مفصل جوابی سوالات	30=10×3 کل نمبر 30	کتاب کی مشقوں (ماسوائے باب چہارم و ہفتم) میں دیے گئے مفصل جوابی سوالات میں سے ہی پانچ (5) سوالات دیے جائیں اور ان میں سے کوئی سے تین سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب دس (10) نمبر پر مشتمل ہوگا۔ ان پانچ (5) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے: (i) پہلا جزو باب اوّل سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جزو باب دوم سے لیا جائے۔ (iii) تیسرا جزو باب سوم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جزو باب پنجم سے لیا جائے۔ (v) پانچواں جزو باب ششم یا ہشتم سے لیا جائے۔

CamScanner

ماڈل پرچہ مطالعہء پاکستان برائے جماعت دہم

وقت: 3 گھنٹے　　کل نمبر: 100

حصہ معروضی (کثیر الانتخابی سوالات)

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پہ درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین سے بھر دیں۔ **(20 × 1)**

(i) بنارس میں اردو ہندی تنازع پیدا ہوا:

(الف) 1863ء میں　(ب) 1865ء میں　(ج) 1867ء میں　(د) 1869ء میں

(ii) 1206ء میں سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی:

(الف) محمود غزنوی نے　(ب) شہاب الدین غوری نے　(ج) قطب الدین ایبک نے　(د) ظہیر الدین بابر نے

(iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کیا:

(الف) ستمبر 1947ء میں　(ب) دسمبر 1947ء میں　(ج) جنوری 1948ء میں　(د) جولائی 1948ء میں

(iv) علما نے برصغیر کو قرار دیا:

(الف) دارالحرب　(ب) دارالسلام　(ج) دارالامان　(د) دارالسلطنت

(v) 1938ء میں محمد علی جناح کو قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کے لقب سے نوازا گیا:

(الف) دہلی میں　(ب) لاہور میں　(ج) ممبئی میں　(د) پٹنہ میں

(vi) ایم اے او سکول اور کالج قائم کیا:

(الف) سرسید احمد خاں نے　(ب) چودھری رحمت علی نے　(ج) قاضی محمد عیسیٰ نے　(د) مولوی فضل الحق نے

(vii) قرارداد مقاصد منظور ہوئی:

(الف) 1930ء میں　(ب) 1940ء میں　(ج) 1946ء میں　(د) 1949ء میں

(viii) پاکستان اور بھارت کے درمیان کارگل کے مقام پر جنگ ہوئی:

(الف) 1998ء میں　(ب) 1999ء میں　(ج) 2008ء میں　(د) 2009ء میں

(ix) نواز شریف حکومت میں دس سالہ تعلیمی منصوبہ کا اعلان کیا:

(الف) 1992ء میں　(ب) 1993ء میں　(ج) 1997ء میں　(د) 1998ء میں

(x) پاکستان کے پہلے اور واحد سویلین چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر تھے:

(الف) ایوب خان　(ب) یحییٰ خان　(ج) ذوالفقار علی بھٹو　(د) پرویز مشرف

(xi) روسی افواج افغانستان میں داخل ہوئیں:

(الف) 1976ء میں　(ب) 1977ء میں　(ج) 1978ء میں　(د) 1979ء میں

CamScanner

(xii) پاکستان اور بھارت کے درمیان شملہ معاہدہ ہوا:

(الف) 1965ء میں (ب) 1966ء میں (ج) 1971ء میں (د) 1972ء میں

(xiii) عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا:

(الف) 1947ء میں (ب) 1949ء میں (ج) 1951ء میں (د) 1953ء میں

(xiv) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل ارکان کی تعداد ہے:

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

(xv) ایک مشینی آلہ ہے جسے راکٹ کے ذریعے زمین کے مدار میں چھوڑا جاتا ہے:

(الف) سیٹلائیٹ (ب) فیکس مشین (ج) سکیورٹی ٹول (د) وائرلیس ٹول

(xvi) پاکستان اکنامک سروے 25-2024ء کے مطابق گندم کی پیداوار ہے:

(الف) 26 ملین ٹن (ب) 29 ملین ٹن (ج) 33 ملین ٹن (د) 36 ملین ٹن

(xvii) پاکستان میں زیر کاشت رقبہ ہے:

(الف) قریباً 20 فی صد (ب) قریباً 25 فی صد (ج) قریباً 30 فی صد (د) قریباً 35 فی صد

(xviii) حج کے موقع پر صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا سنت ہے:

(الف) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی (ب) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی

(ج) حضرت حاجرہ علیہا السلام کی (د) حضرت حوا علیہا السلام کی

(xix) 1925ء میں کراچی میں اصلاح النسواتین کے نام سے ایک انجمن قائم کی:

(الف) لیڈی نصرت ہارون نے (ب) بیگم راعنا لیاقت علی خان نے

(ج) محترمہ فاطمہ جناح نے (د) بیگم شائستہ اکرام اللہ نے

(xx) خواتین تشدد کے خلاف کس نمبر پر شکایات کر سکتی ہیں:

(الف) 1016 (ب) 1030 (ج) 1043 (د) 1085

حصہ انشائی (حصہ اوّل)

سوال 2: درج ذیل میں سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (8 × 2 = 16) نمبر

(i) تحریک علی گڑھ کے مقاصد تحریر کریں۔

(ii) ریڈ کلف ایوارڈ کا اہم ترین فیصلہ کیا تھا؟

(iii) تحریکِ ہجرت کا سبب کیا تھا؟

(iv) شملہ کانفرنس کیوں ناکام ہوئی؟

(v) کابینہ مشن کے مقاصد کیا تھے؟

(vi) قانون آزادیِ ہند کیا تھا؟

(vii) ربیع اور خریف کی اہم فصلوں کے نام لکھیں۔

(viii) پاکستان میں سیاحت کو درپیش مسائل کون سے ہیں؟

(ix) تقسیم بنگال کیوں ہوئی؟

(x) ٹیلی کمیونیکیشنز کی تعریف کریں۔

(xi) مویشی پالنا ہماری زندگی میں کیوں اہم ہے؟

(xii) ماہی پروری کے دو اقتصادی فوائد لکھیں۔

CamScanner

سوال3: درج ذیل میں سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔(8 × 2 = 16) نمبر

(i) خارجہ پالیسی کی تعریف کریں۔ (ii) اقتصادی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے نام لکھیں۔

(iii) سلامتی کونسل میں ویٹو سے کیا مُراد ہے؟ (iv) سفارتی تعلقات کیا ہوتے ہیں؟

(v) ڈیورنڈ لائن سے کیا ہے؟ (vi) اقوام متحدہ کے ادارے کے قیام کے مقاصد واضح کریں۔

(vii) سارک ممالک کے نام لکھیں۔ (viii) تحریک پاکستان میں شامل چار خواتین کے نام لکھیں۔

(ix) لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاک فوج کی کس کور سے تھا؟ (x) خواتین پر تشدّد سے کیا مراد ہے؟

(xi) پنجاب کی موجودہ وزیر اعلیٰ کون ہیں؟ (xii) خواتین پر تشدّد کی کوئی سی دو وجوہات تحریر کریں؟

سوال4: درج ذیل میں سے نو سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (9 × 2 = 18) نمبر

(i) نظریہ کی تعریف کریں۔ (ii) عقیدۂ رسالت کی تعریف کریں۔

(iii) نظریۂ پاکستان کی تعریف کریں۔ (iv) اللہ تعالیٰ کی حاکمیت سے کیا مراد ہے؟

(v) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اقلیتوں کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟ (vi) جمہوریت کی تعریف کریں۔

(vii) یوم تکبیر سے کیا مراد ہے؟ (viii) 1956ء کا آئین کیسے منسوخ ہوا؟

(ix) دوسری آئینی ترمیم کیا تھی؟ (x) آئین سے کیا مراد ہے؟

(xi) پاکستان کی آئینی تاریخ میں ون یونٹ سے کیا مراد ہے؟ (xii) آپریشن بنیان مرصوص کا پس منظر تحریر کریں۔

(xiii) میاں محمد شہباز شریف کے پہلے دورِ حکومت میں کون سی اصلاحات متعارف کرائی گئیں؟

حصہ انشائی (حصہ دوم)

سوال5: درج ذیل میں سے تین سوالات کے تفصیلی جوابات دیں۔ (10 × 3 = 30)

(i) نظریۂ پاکستان کے بنیادی اجزا کا تجزیہ کریں۔

(ii) تحریک علی گڑھ کے اقدامات کا تجزیہ کریں۔

(iii) میاں محمد نواز شریف کے ادوار حکومت میں اقتصادی ترقی کے لیے کی گئی کوششوں اور اقدامات کا جائزہ لیں۔

(iv) پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی مقاصد اور اہمیت بیان کریں۔

(v) قرآن وسنت کی روشنی میں اسلام میں خواتین کے حقوق بیان کریں۔

CamScanner